مطبوعات

حافظ لدھیانوی کے نعتیہ مجموعے | از جناب حافظ لدھیانوی - ناشر: بیت الادب راجہ روڈ، گلستان کالونی، فیصل آباد۔

محترم حافظ لدھیانوی اردو کے نعت گو شعراء میں بہت اونچا مقام رکھتے ہیں۔ فنی محاسن کے علاوہ ان کی نعتوں کی ایک اور بہت نمایاں خوبی یہ ہے کہ وہ ثنائے رسولؐ کرتے ہوئے حدودِ شریعت کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں۔

تازہ تین مجموعے پیشِ نظر ہیں:

۱۔ یا صاحب الجمال (۲) صلِ علی النبی (۳) سلام بحضور خیر الانام۔

یہ نہایت اہتمام سے شائع کیے گئے ہیں۔ سفید دبیز کاغذ لگایا گیا ہے۔ اور کتابت و طباعت کا اہتمام قابلِ داد ہے۔ پہلی دونوں کتابیں مجلد اور بہت خوشنما گرد پوش سے آراستہ ہیں۔ دونوں کی قیمت پچاس پچاس روپے ہے۔ تیسری کتاب غیر مجلد ہے اور یہ مفت طلب کی جاسکتی ہے۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت و عقیدت رکھنے والے حضرات یہ مجموعے ضرور حاصل کریں۔

حافظ صاحب کے چند اشعار ملاحظہ ہوں:۔

اندازِ سخن دیکھیے محبوبِ خدا کے   ہر اشک ہے قیمت میں فزوں لعل و گہر سے

دے کے اشعار کو آہنگِ غزل   طرحِ نو نعت میں ڈالی ہم نے